## سوال

(150)قرآن شریف اٹھا کر قسم کھا سکتے ہیں یا نہیں؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

لوگ ہمیشہ قرآن اٹھا کر قسم کھاتے ہیں۔ توکیا قرآن شریف اٹھا کر قسم کھا سکتے ہیں یا نہیں۔؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

قسم کا جو طریقہ حدیثوں میں آیا ہے۔ اس میں یہ زکر نہیں ملتا۔ بلکہ صرف اللہ کے نام سے قسم ہوتی تھی حدیث شریف میں آیا ہے۔

من کان حالفا فلیحلف باللہ او لیصمت

جس کو قسم کی ضرورت ہو وہ اللہ کے نام کی قسم کھائے یا چپ رہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد2ص117

محدث فتویٰ